زادِ راہ

حج وعمرہ کے دوران پڑھی جانے والی دعائیں

eBooklet

وَتَزَوَّدُوا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

(البقرة:197)

''اور زادِ راہ لے لو بیشک بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے''۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

مسافر گھر والوں کو دعا دے

• اَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَائِعُهٗ (سنن ابن ماجه:2825)

''میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کے پاس رکھی گئی امانتیں ضائع نہیں ہوتیں''۔

گھر والے مسافر کو دعا دیں

• اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَ اَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ (سنن الترمذی:3443)

''میں تیرا دین، تیری امانت اور تیرے عمل کا اختتام اللہ کے سپرد کرتا ہوں''۔

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

• بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (سنن ابی داؤد:5095)

''اللہ کے نام کے ساتھ، میں اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں اللہ کی مدد کے بغیر (کسی میں) نیکی کرنے کی اور گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں''۔

• اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَزِلَّ اَوْ اُزَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ (سنن أبی داؤد:5094)

''اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں گمراہ ہوں یا گمراہ کیا جاؤں،

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بھک جاؤں یا بھکایا جاؤں یا میں (کسی پر) ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا میں کسی کے ساتھ جہالت سے پیش آؤں یا میرے ساتھ کوئی جہالت سے پیش آئے۔"

پاؤں سواری پر رکھتے ہوئے

- بِسْمِ اللّٰهِ (ثلاثا) اللہ کے نام کے ساتھ (تین مرتبہ)

سواری پر بیٹھنے کے بعد

- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں (ایک بار)
- سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝ وَ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ (الزخرف:13-14)

پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لئے مسخر کیا ورنہ ہم اسے قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔ (تین مرتبہ)
- اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللہ ہی سب سے بڑا ہے۔ (تین مرتبہ)
- سُبْحَانَكَ اِنِّیْ قَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ (سنن الترمذی :3446)

"پاک ہے تُو بے شک میں نے (تیری نافرمانی کر کے) اپنے نفس پر ظلم کیا ہے پس تُو مجھے معاف

فرما دے کیونکہ تیرے علاوہ گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا۔"

- اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَ كَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ

(صحیح مسلم:3275)

"اے اللہ! بیشک ہم آپ سے سوال کرتے ہیں اس سفر میں بھلائی، تقویٰ اور ایسے عمل کا جس سے آپ راضی ہو جائیں۔ اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے سفر کو آسان بنا دے اور اس کے فاصلوں کو کم کر دے۔ اے اللہ! اس سفر میں تُو ہی ہمارا ساتھی ہے اور ہمارے گھر والوں کا محافظ ہے۔ اے اللہ! بیشک میں اس سفر کی تکلیف، پریشان کن مناظر اور اپنے مال اور اہل خانہ کی طرف برائی کے ساتھ لوٹنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔"

دورانِ سفر

- بلندی پر چڑھتے ہوئے (جہاز یا پہاڑ پر) اَللّٰهُ اَكْبَرُ "اللہ سب سے بڑا ہے۔"
- بلندی سے نیچے اترتے ہوئے سُبْحَانَ اللّٰهِ "اللہ پاک ہے۔"

(صحیح البخاری:2994)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

کسی جگہ ٹھہرنے پر

• رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَکًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ O (المؤمنون:29)

"اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اتار اور تُو سب سے اچھا ٹھکانہ دینے والا ہے۔"

• رَبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا O (بنی اسرائیل:80)

"اے میرے رب! مجھے سچائی کے مقام پر داخل کر اور مجھے سچائی کے مقام ہی سے نکال اور میرے لئے اپنے پاس سے مددگار قوت مہیا فرما۔"

• اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ (صحیح مسلم:6878)

"میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی ہے۔"

نیت کے الفاظ

عمرہ کی نیت میقات سے:

• (اَللّٰھُمَّ) لَبَّیۡکَ عُمۡرَۃً "اے اللہ! میں عمرہ کے لیے حاضر ہوں"۔

حج کی نیت میقات سے:

• (اَللّٰھُمَّ) لَبَّیۡکَ حَجًّا "اے اللہ! میں حج کے لیے حاضر ہوں"۔ (صحیح مسلم:3029)

نوٹ: یہ نیت حجِ افراد اور تمتع کے لیے ہے۔ حجِ قران کے لیے نیت ان الفاظ سے ہوگی: (اَللّٰھُمَّ) لَبَّیۡکَ عُمۡرَۃً وَحَجًّا

• نیت کرنے کے بعد ایک بار یہ کلمات ادا کرنا مسنون ہے۔

اَللّٰھُمَّ حِجَّۃٌ لَا رِیَاءَ فِیۡھَا وَلَا سُمۡعَۃَ (سنن ابن ماجہ:2890)

"اے اللہ! میرے اس حج سے نہ دکھاوا مقصود ہے اور نہ شہرت مطلوب ہے"۔

تلبیہ کے الفاظ

لَبَّیۡکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیۡکَ، لَبَّیۡکَ لَا شَرِیۡکَ لَکَ لَبَّیۡکَ، اِنَّ الۡحَمۡدَ، وَالنِّعۡمَۃَ لَکَ وَالۡمُلۡکَ، لَا شَرِیۡکَ لَکَ (صحیح البخاری:1549)

"میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بے شک ہر تعریف، اور ہر نعمت اور ہر بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔"

شہر میں داخل ہوتے وقت

• اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لَنَا فِیۡھَا (ثلاثا) (المعجم الأوسط للطبرانی، ج:5، 4752)

"اے اللہ! ہمارے لیے اس (بستی، شہر، گاؤں) میں برکت عطا فرما"۔ (تین مرتبہ)

• اَللّٰھُمَّ ارۡزُقۡنَا جَنَاھَا وَحَبِّبۡنَا اِلٰی اَھۡلِھَا وَحَبِّبۡ صَالِحِی اَھۡلِھَا اِلَیۡنَا (المعجم الأوسط للطبرانی، ج:5، 4752)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

"اے اللہ! ہمیں اس بستی کے پھلوں سے مستفید فرما اور یہاں کے لوگوں کے دلوں میں ہماری محبت ڈال دے اور یہاں کے نیک افراد کو ہمارے لئے محبوب بنا دے۔"

مسجد میں داخل ہوتے وقت

• اپنا سیدھا پاؤں مسجد میں رکھیں اور یہ دعا مانگیں:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (سنن ابن ماجہ:771)

"اللہ کے نام سے، اللہ کے رسول ﷺ پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما دے اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

مسجد سے نکلتے وقت

• اپنا بایاں پاؤں مسجد سے باہر رکھیں اور یہ دعا مانگیں:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ (سنن ابن ماجہ:771)

"اللہ کے نام سے، اللہ کے رسول ﷺ پر سلام ہو، اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما دے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔"

بیت اللہ شریف کو دیکھ کر کوئی بھی دعا مانگ سکتے ہیں مثلاً

• **رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝** (الاحقاف:15)

"اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کروں، جو تُو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائیں اور ایسا نیک عمل کروں جس سے تو راضی ہو اور میرے لئے میری اولاد کی اصلاح فرما دے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔"

طواف کی دعا

• "**بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ**" کہتے ہوئے حجر اسود کے استلام سے طواف شروع کریں۔

طواف کے دوران تلاوتِ قرآن، تسبیح وتہلیل اور دعائیں واذکار کرتے رہیں (ہر چکر کی خاص دعا سنت سے ثابت نہیں)۔

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان پڑھنے کی دعا

• **رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝**

(البقرة:201) (سنن أبی داؤد:1892)

"اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

عذاب سے بچا۔"

مقام ابراہیم پر

• طواف مکمل کرنے کے بعد **وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِمَ مُصَلًّى** (البقرة:125)
آیت کا اتنا حصہ پڑھتے ہوئے مقام ابراہیم کی طرف آئیں۔

• یہاں طواف کے دو رکعت نفل ادا کریں پہلی رکعت میں **سورة الكافرون** اور دوسری رکعت میں **سورة الاخلاص** پڑھیں۔ (سنن الترمذی:869)

زمزم پینے کے وقت

• زمزم پینے سے پہلے دعا مانگیں۔ مثلاً

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (آل عمران: 8)

"اے ہمارے رب! جب تو نے ہمیں ہدایت دے دی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کرنا اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر، بیشک تو بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے۔"

سعی کیلئے جاتے ہوئے

• **"اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ" اَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهٖ** (صحیح مسلم:2950)

"بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں"۔ میں ابتدا کرتا ہوں جس سے اللہ تعالیٰ نے ابتدا کی۔

صفا سے سعی کا آغاز کرتے ہوئے

• **لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ** (تین مرتبہ) (صحیح مسلم:2950)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور سب تعریف اُسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں وہ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور تمام لشکروں کو تنہا شکست دی۔"

عرفات کے دن کی دعا

• عرفہ کے دن کی بہترین دعا جو انبیاء علیہم السلام نے مانگی:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سنن الترمذی:3585)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور سب تعریف اُسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے"۔

جمرہ کو کنکریاں مارتے ہوئے

• ہر کنکری مارتے وقت **اَللّٰهُ اَكْبَرُ** کہیں۔ (سنن النسائی:3081)

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مسجد نبوی کی زیارت

- مدینہ میں داخل ہوتے وقت شہر میں داخل ہونے کی دعا پڑھیں۔
- مسجد نبوی میں داخل ہوتے وقت مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھیں۔
- حجرہ مبارک کی طرف رخ کر کے نبی اکرم ﷺ پر ان الفاظ میں سلام بھیجیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ (سنن الکبریٰ للبیھقی، ج:5، 10271)

''اے اللہ کے رسول ﷺ آپ پر سلام ہو۔''

- اس کے ساتھ درود ابراہیمی پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ (صحیح البخاری:3370)

''اے اللہ! محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر اس طرح رحمت نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر رحمت نازل فرمائی تھی، بے شک تو بہت تعریف والا اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر اس طرح برکتیں نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پر برکتیں

نازل فرمائیں، بے شک تو بہت تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔''

پھر حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ پر اس طرح سلام بھیجیں۔

- **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَابَکْرٍ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا عُمَرُ**

(سنن الکبریٰ للبیھقی، ج:5، 10271)

''اے ابوبکرؓ آپ پر سلام ہو، اے عمرؓ آپ پر سلام ہو۔''

بقیع غرقد کی زیارت کرتے ہوئے

- **اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ لَلَاحِقُوْنَ اَسْاَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ** (صحیح مسلم:2257)

''اے اس گھر کے رہنے والے مومنو اور مسلمانو! تم پر سلامتی ہو اور اگر اللہ نے چاہا تو ہم بھی تم سے آملنے والے ہیں، ہم اللہ سے اپنے اور تمہارے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔''

- اہل بقیع کے لئے مندرجہ ذیل الفاظ کا اضافہ بھی سنت سے ثابت ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَھْلِ بَقِیْعِ الْغَرْقَدِ (صحیح مسلم:2255)

''اے اللہ بقیع غرقد والوں کی مغفرت فرما۔''

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

فرض نماز کے بعد کے مسنون اذکار

• اَللّٰهُ اَكْبَرُ "اللہ سب سے بڑا ہے۔" (اونچی آواز میں ایک بار) (صحیح البخاری:842)

• اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ "میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔" (تین بار) (صحیح مسلم:1334)

• اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (ایک بار) (صحیح مسلم:1335)

"اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور سلامتی تیری ہی طرف سے ہے، اے بزرگی اور عزت والے تو بہت بابرکت ہے۔"

• رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (سنن النسائی:1304)

"اے میرے رب! میری مدد فرما کہ میں تیرا ذکر، شکر اور اچھے طریقے سے تیری عبادت کرتا رہوں۔"

• رَبِّ قِنِیْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ (صحیح مسلم:1642)

"اے میرے رب! مجھے اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔"

• لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ (ایک بار) (صحیح البخاری:6330)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور سب تعریف اُسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے اللہ! جو تو عطا کرے وہ کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو روک دے وہ کوئی دے نہیں سکتا اور کسی صاحب حیثیت کو تیرے ہاں اس کی حیثیت فائدہ نہیں دے سکتی۔"

• لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ (صحیح مسلم:1343)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور سب تعریف اُسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ نہیں ہے ہمت (گناہ سے بچنے کی) اور

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

نہیں ہے طاقت (نیکی کرنے کی) مگر اللہ کی توفیق سے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اور ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں۔ اسی کی نعمتیں ہیں اور اسی کا فضل ہے اور اسی کے لئے اچھی تعریف ہے، نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ، اسی کے لئے خالص کرنے والے ہیں دین کو اگرچہ کافر اسکو ناپسند کریں۔"

• اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ (ایک بار) (صحیح البخاری:2822)

"اے اللہ! میں بزدلی اور کنجوسی سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں رذیل عمر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں دنیا کے فتنوں اور عذاب قبر سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں۔"

• سُبْحَانَ اللّٰهِ (33 بار) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (33 بار) اَللّٰهُ اَکْبَرُ (33 بار) اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ، لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (ایک بار) (صحیح مسلم:1352)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور وہی حمد و ثنا کے لائق ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔"

سُوْرَةُ الْفَلَقِ (1 بار) سُوْرَةُ النَّاسِ (1 بار) آیَةُ الْکُرْسِیِّ (1 بار)

سفر سے واپسی کی دعائیں

• اَللّٰهُ اَکْبَرُ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهُ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ (صحیح مسلم:3275)

"اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لئے مسخر کردیا حالانکہ ہم اسکو قابو میں نہیں لا سکتے، اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی، تقویٰ اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تجھ کو پسند ہو۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کردے اور اسکی دوری کو لپیٹ

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

دے۔اے اللہ! تو اس سفر میں (ہمارا) ساتھی ہے اور ہمارے اہل وعیال میں ہمارا خلیفہ ہے، اے اللہ! میں سفر کی تکلیف سے، برے منظر سے اور اپنے اہل وعیال میں بری حالت کے ساتھ واپس آنے سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کے لئے تعریف کرنے والے ہیں"۔

• اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا (المعجم الكبير للطبراني، ج:11، 11735)

"پلٹنے والے ہیں، پلٹنے والے ہیں، ہم اپنے رب ہی کے حضور توبہ کرتے ہیں، ایسی توبہ جو ہم پر گناہوں کا کوئی اثر باقی نہ رہنے دے۔"

میت کی بخشش کے لئے نمازِ جنازہ میں پڑھی جانے والی دعا

• اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ وَاَهْلًا خَيْرًا مِّنْ اَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ (صحيح مسلم:2232)

"اے اللہ اس کی بخشش فرما اور اس پر رحم فرما اور اس سے درگزر کر کے اسے معاف فرما دے اور اس کی اچھی مہمانی کرا اور اس کے داخل ہونے کی جگہ کشادہ کر دے اور اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو ڈال اور اسے خطاؤں سے اس طرح صاف کر دے جیسے تو سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیتا ہے اور اسے اس کے اس گھر سے بہتر گھر اور اس کے گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کے ساتھی سے بہتر ساتھی عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے عذابِ قبر اور آگ کے عذاب سے بچا لے۔"

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

حج بیت اللہ

☆ مسنون طریقے پر حج وعمرہ کرنے کا طریقہ

☆ مناسک حج وعمرہ کی آسان انداز میں نکات کی صورت میں وضاحت

☆ دورانِ حج وعمرہ مختلف مواقع پر پڑھی جانے والی دعائیں

الھدیٰ کی مطبوعات

☆ لبیک عمرہ

☆ عشرۂ ذوالحجہ عید الا ضحی اور قربانی

☆ عشرۂ ذوالحجہ اور کرنے کے کام

الھدیٰ پبلی کیشنز
AL HUDA PUBLICATIONS

تاریخ اشاعت: 19 اپریل 2013ء 8 جمادی الثانی 1434ھ

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H11/4 اسلام آباد پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی پاکستان فون: 34528548-21-92+ 34528547-21-92+

www.farhathashmi.com
www.alhudapk.com

08010011